# دار المدینہ

سہ ماہی

# ای نیوزلیٹر

جولائی تا ستمبر ۲۰۲۵ء

## تعلیم بھی
## تربیت بھی



اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

Dar-ul-Madinah
International Islamic Education System
Dawat-e-Islami

سہ ماہی ای نیوزلیٹر
جولائی تا ستمبر ۲۰۲۵ء

www.darulmadinah.net | Follow us on

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

# نُورِ ہدایت

القرآن الکریم

سُوْرَۃُ یُوْنُس

پارہ 11 ، آیت: 62

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ

ترجمہ کنزالعرفان

سن لو! بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے



اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

## اُطْلُبُوا الْخَیْرَ وَ الْحَوَائِجَ مِنْ حِسَانِ الْوُجُوْہِ

بھلائی اور حاجتیں خوبصورت چہرے والوں (یعنی نیک لوگوں) سے مانگو۔

﴿بخاری، 4 / 222، حدیث: 6412﴾



# پیغام: سی ای او دارالمدینہ



ڈاکٹر دانش اقبال عطاری


الحمدللہ! دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم اپنے قیام سے آج تک تعلیم اور تربیت کے میدان میں ترقی کے سفر پر گامزن ہے۔ والدین کے اعتماد اور تعاون نے ہمیشہ ہمیں بہتر سے بہترین کی جستجو میں مصروف رکھا ہے۔

یہ ہمارے لیے فخر اور خوشی کا لمحہ ہے کہ دارالمدینہ کے ہونہار طلبہ نے سندھ اور پنجاب بھر میں ہونے والے **SSC Part 2** کے سالانہ امتحانات **2025** میں شاندار نتائج حاصل کیے۔ اس سال کامیابی کا تناسب **93%** رہا اور **57%** طلبہ نے **A+** اور **A** گریڈ حاصل کیے۔ ان کامیابیوں کے اعتراف میں مختلف شہروں میں خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں، نمایاں پوزیشن ہولڈرز کو ایجوکیشن کونسل (دعوتِ اسلامی) کی جانب سے جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں منعقدہ سالانہ ایوارڈ تقریب میں مدعو کیا گیا، جہاں انہیں شیلڈز اور **Certificate of Academic Excellence** سے نوازا گیا۔

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم نے اپنے پہلے کیمبرج او لیول کیمپس کا آغاز کر دیا ہے۔ مزید یہ کہ کراچی میں اپنے پہلے گرلز کالج کا بھی باضابطہ افتتاح کر دیا ہے۔

الحمد للہ! ہمارا مقصد جدید دور کے تقاضوں کے مطابق اعلیٰ معیارِ تعلیم فراہم کرنا ہے۔ یہاں طلبہ کو کوالیفائیڈ اساتذہ کی زیرِ نگرانی نہ صرف معیاری نصاب پڑھایا جاتا ہے بلکہ ان کی **Character Building**، اخلاقی تربیت اور **Modern Skills** پر بھی بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ تاکہ دارالمدینہ سے تعلیم حاصل کیا ہوا ہر بچہ دینی علوم میں ماہر اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ پاک ہمارے تمام طلبہ کو دنیا و آخرت میں کامیابیاں عطا فرمائے، ان کے علم کو نافع بنائے اور دارالمدینہ کو تعلیم و تربیت کی خدمت میں مزید ترقی عطا فرمائے۔


Follow us on
Dar-ul-Madinah
International Islamic School System
Dawat-e-Islami
A school for
Education & Tarbiyah
Math
ENROL NOW
LIMITED SEATS
0313-2626024
www.darulmadinah.net

Dar-ul-Madinah
International Islamic Education System
Dawat-e-Islami

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

سہ ماہی ای نیوز لیٹر
جولائی تا ستمبر ۲۰۲۵ء

www.darulmadinah.net | Follow us on



## راہِ تربیت

# بچوں کی تربیت میں کی جانے والی غلطیاں





ماں یا باپ کے رتبے پر فائز ہونے والے ہر شخص کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچّے کی اچھی تربیت کرنے میں کامیاب ہو جائے مگر انجانے میں والدین (Parents) کچھ ایسی غلطیاں کر رہے ہوتے ہیں جن کا بچّوں پر اچھا اثر نہیں پڑتا اور آگے چل کر یہ غلطیاں بچّوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں۔ نیچے اس حوالے سے کچھ نِکات (Points) لکھے گئے ہیں خود بھی پڑھیں اور دوسروں کے ساتھ بھی شیئر کریں۔

بچّوں کو جب تھوڑا بہت پریشان دیکھیں تو فوراً سے ان کی مدد نہ کریں بلکہ انہیں خود سامنا کرنے کا موقع دیں تاکہ بچّے میں پریشانی کا سامنا کرنے کی صلاحیت پیدا ہو ◦ بچّے کا دوسرے دوستوں، رشتہ داروں یا بھائی بہنوں سے تقابُل (Compare) کرتے رہنا ان کی خود اعتمادی کو نقصان پہنچا سکتا ہے لہٰذا اس سے گریز کریں ◦ ہر طرح کی کارکردگی اور کام پر ایک جیسے تأثرات ہرگز نہ دیں ◦ والدین اپنے تجربات (Experiences) اور ماضی کی چھوٹی موٹی غلطیاں بچّوں کے ساتھ شیئر کریں تاکہ بچے وہی غلطیاں دہرانے سے محفوظ رہیں ◦ بچّے کے ذہین ہونے کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنے اچّھے بُرے کا فیصلہ بھی خود کر سکتا ہے، لہٰذا ذہانت پر انحصار (Rely) کرنے کے بجائے بچّوں کو اپنی نگاہ میں رکھیں ◦ جو باتیں بچّوں کو کہیں خود بھی ان



پر عمل کریں، اگر آپ کے قول و فعل میں تضاد ہوا یعنی آپ کہیں کچھ اور کریں کچھ! تو بچّے پر آپ کی بات اثر نہیں کرے گی ۔ بچّوں کے لئے نہ تو بالکل شفیق بنیں اور نہ ہی ہمیشہ سختی سے پیش آئیں بلکہ بیچ کا راستہ اختیار کرتے ہوئے نرمی و سختی حسبِ موقع دونوں چیزوں کا سلسلہ رکھیں ۔ بچّوں کو بہت زیادہ آزادی نہ دیں کہ اس طرح مستقبل میں بچّہ کسی بھی طرح کے رُول اور ڈسپلن کو فالو کرنے میں مشکل کا شکار ہوگا، اور نہ ہی حد سے زیادہ پابندیاں (Restrictions) عائد کریں کیونکہ بچّوں کے ساتھ اس طرح کا رویہ ان کو بغاوت کی طرف بھی لے جاسکتا ہے ۔ بچّوں کے ساتھ ہر معاملے میں ایک کنسلٹنٹ (Consultant) کی طرح پیش آئیں نہ کہ کسی باس کی طرح ۔ بچّوں کو دوسروں کے سامنے سزا دینے سے گریز کریں کیونکہ یہ بچّے کی خود اعتمادی (Self Confidence) کو متاثر کرسکتا ہے اور بچّے میں منفی جذبات بھی پروان چڑھا سکتا ہے ۔ بعض والدین بچّوں کی ضرورت سے زیادہ نگہداشت کرکے انہیں بہت نازک مزاج بنا دیتے ہیں، ایسا ہرگز نہ کریں کیونکہ انہوں نے بھی اسی معاشرے میں رہنا ہے اگر وہ نازک مزاج ہوئے تو آنے والی پریشانیوں کا سامنا حوصلے کے ساتھ نہیں کرسکیں گے ۔ بچّوں کو غیر معتدل (Unbalanced) ٹائم ٹیبل میں پھنسا کر روبوٹ بنانے کے بجائے ان کے لئے مناسب جدول (Schedule) ترتیب دیں جس میں پڑھائی کے ساتھ دیگر مناسب سرگرمیاں بھی شامل ہوں ۔ ویسے تو ہر حال



ہی میں اور بالخصوص بچّوں کے سامنے غیر اخلاقی گفتگو کرنے سے پرہیز کریں ۔ والدین کا بچّوں کے سامنے فون پر بات کرتے ہوئے جھوٹ بولنا یا کوئی باہر بلانے آئے تو والد صاحب کا یوں کہنا کہ کہہ دو "ابو گھر پر نہیں ہیں" یہ جھوٹ بولنے کی تربیت دینے کی طرح ہے۔ یہ غلطیاں نہ دہرا کر اور متوازن طرزِ عمل اختیار کرکے والدین ایسے بچّوں کی تربیت کرسکتے ہیں جو پُر اعتماد، منظم اور زندگی کے چیلنجز کا مقابلہ دانائی اور ہمت کے ساتھ کرنے کے قابل ہوں۔

# تربیہ تفہیم

دارالمدینہ میں تعلیم کے ساتھ ساتھ **Character Building** کو بنیادی ترجیح دی جاتی ہے۔

یہ تربیہ تفہیم طلبہ کی دینی و دنیاوی زندگی کو سنوارنے کے لیے ایک رہنما ہے۔ ہفتہ وار تربیہ تفہیم کے ذریعے طلبہ کے عقائد اور فرض علوم کو مضبوط کیا جاتا ہے۔ یہ ان کی اخلاقی تربیت اور **Good Manners** سیکھنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

طلبہ کو سنتوں کا پیکر اور سیرت طیبہ کے مطابق زندگی گزارنے کا ذہن دیا جاتا ہے۔ یہ عمل ان میں مثبت رویے اور معاشرتی ذمہ داری کا شعور پیدا کرتا ہے۔ والدین کو پیشگی اس تربیہ سے آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ گھر پر اس کی تکمیل کریں تاکہ گھر اور اسکول کے تعاون سے ہم معاشرے کے لیے بہترین اور باکردار شہری تیار کرسکیں۔



## دار المدینہ اپڈیٹس

# دار المدینہ ہیڈ آفس کراچی میں 1500 سالہ جشن ولادت مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی پرنور محفل

دار المدینہ ہیڈ آفس کراچی میں **1500** سالہ جشنِ ولادتِ مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بابرکت موقع پر ایک پرنور محفلِ میلاد کا اہتمام کیا گیا۔

محفل کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا جس کے بعد نعت خواں اسلامی بھائیوں نے بارگاہِ رسالت صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے نعتیں پیش کیں۔


















اس روحانی محفل میلاد میں مبلغِ دعوتِ اسلامی مولانا حاجی محمد اسد عطاری مدنی نے سنتوں بھرا بیان کیا جس میں انہوں نے اللہ پاک کی عطا کردہ نعمتوں پر شکر ادا کرنے کی اہمیت بیان کی اور شرکا کو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سیرتِ طیبہ پڑھنے کی ترغیب دی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے خصوصی طور پر یہ بھی تاکید کی کہ عاشقانِ رسول حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شان میں نازل ہونے والی **12** آیاتِ مبارکہ کو حفظ کرنے کی کوشش کریں۔

محفل میلاد میں عاشقانِ رسول شریک ہوئے اور رحمتِ دو جہاں صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے **1500** سالہ جشن ولادت کی خوشی میں اپنے جذبات کا اظہار کیا۔

Dar-ul-Madinah
International Islamic Education System
Dawat-e-Islami

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

سہ ماہی ای نیوز لیٹر
جولائی تا ستمبر ۲۰۲۵ء

www.darulmadinah.net | Follow us on

# دارالمدینہ کے طلبہ کی بورڈ امتحانات میں نمایاں کامیابی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے طلبہ نے سندھ اور پنجاب بھر میں **SSC 2 Part** کے سالانہ امتحانات 2025 میں شاندار نتائج حاصل کیے۔ اس سال کامیابی کا تناسب 93% رہا جس میں 57% طلبہ نے A+ اور A گریڈ حاصل کیے۔ ان کامیابیوں کے اعتراف میں مختلف شہروں میں خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔



نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ اور طالبات کے **Parents** کو ایجوکیشن کونسل (دعوتِ اسلامی) کی جانب سے جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں منعقدہ سالانہ ایوارڈ تقریب میں مدعو کیا گیا، جہاں انہیں **Shield** اور **certificate of AcademicExcellence** سے نوازا گیا۔

اس کے علاوہ لاہور، کراچی، فیصل آباد اور ملتان میں بھی نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کو الگ الگ تقریبات میں مدعو کیا گیا اور اُنکی حوصلہ افزائی کی گئی۔





دارالمدینہ اپنے باصلاحیت طلبہ کو ان کی کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہے، والدین کے تعاون اور اساتذہ کی انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ ہم دعاگو ہیں کہ ہمارے تمام طلبہ مستقبل میں بھی مزید نمایاں کامیابیاں حاصل کریں اور دنیا و آخرت میں سرخرو ہوں۔















# دارالمدینہ کے ہیڈ آفس میں رکنِ شوریٰ عبدالمبین عطاری کی آمد

دعوتِ اسلامی بنگلہ دیش کے نگران، مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن عبدالمبین عطاری نے دارالمدینہ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اُن کا پرجوش استقبال کیا گیا اور انہیں مختلف شعبہ جات کا تعارفی دورہ کروایا گیا، جہاں انہوں نے شعبہ جات کے ڈائریکٹرز سے ملاقات کی اور اُن کے کام اور خدمات کے بارے میں بریفنگ لی۔

دارالمدینہ کی جانب سے رکنِ شوریٰ عبدالمبین عطاری کو یادگاری تحائف بھی پیش کیے گئے۔ دورے کے اختتام پر رکنِ شوریٰ عبدالمبین عطاری نے اپنے تاثرات پیش کیے اور دارالمدینہ کی ترقی اور کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔


















Dar-ul-Madinah
Qadri


Dar-ul-Madinah
Qadri

# دار المدینہ کیمبرج اولیول کیمپس کا کامیابی کے ساتھ افتتاح






کراچی کے علاقے فیڈرل بی ایریا بلاک ٦ میں پہلا دارالمدینہ کیمبرج اولیول کیمپس کا کامیابی کے ساتھ افتتاح کر دیا گیا۔ اس افتتاحی تقریب میں دارالمدینہ کے **CEO**، والدین اور اسکول اسٹاف نے شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک اور نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم سے کرنے کے بعد دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے رکن حاجی فضیل رضا عطاری نے دارالمدینہ کیمبرج اسکول کا افتتاح کیا اور والدین کو ذہن دیا کہ وہ اپنے بچوں کو دارالمدینہ کیمبرج اسکول میں داخلہ دلوائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ "دارالمدینہ صرف دنیاوی تعلیم دینے والا ادارہ نہیں بلکہ بچوں کی اخلاقی اور دینی تربیت کا مرکز بھی ہے"۔

پہلا کیمبرج اولیول کیمپس اپنے خوبصورت و جدید ڈیزائن، دلکش ماربل فلورنگ اور ایئر کنڈیشنڈ کلاس رومز کے ساتھ طلبا و طالبات کو ایک ایسا ماحول فراہم کر رہا ہے جو ان کے ذہنوں کو روشن اور کردار کو نکھارے گا۔ یہاں صرف جدید دور کا نصاب نہیں پڑھایا جائے گا بلکہ کردار سازی، اخلاقیات اور جدید تقاضوں کے مطابق تربیت بھی دی جائے گی۔

**CEO** دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم نے اس موقع پر کہا کہ: دارالمدینہ میں کوالیفائیڈ اساتذہ کی زیرِ نگرانی طلبا و طالبات کو دینی و دنیاوی تعلیم کے ساتھ شریعت کے مطابق ماحول فراہم کیا جاتا ہے۔

اس موقع پر دارالمدینہ کیمبرج اسکول کے **CEO** مولانا فراز احمد عطاری مدنی کا کہنا تھا کہ: ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے نہ صرف علم میں ممتاز ہوں بلکہ دورِ حاضر کے تقاضوں سے بھی بخوبی واقف ہوں۔ اسی مقصد کے تحت انٹرنیشنل کریکولم، روبوٹکس، ڈیجیٹل اسکلز اور دیگر تحقیقی وہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ شامل کیا گیا ہے۔ افتتاحی تقریب کے اختتام پر درود و سلام اور اجتماعی دعا ہوئی۔

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کا خواب ہے کہ ہر بچہ نہ صرف علم حاصل کرے بلکہ ایک دیندار، باوقار، بااخلاق اور خود اعتماد شہری بنے۔ والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بچوں کے روشن اور کامیاب مستقبل کے لئے دارالمدینہ کا انتخاب ضرور کریں۔

**DAR-UL-MADINAH**
**CAMBRIDGE O LEVEL**

Scan for Registration

# FREE ADMISSION

## *Plus, 25% Discount on Tuition Fee*

**PLAYGROUP TO GRADE I**



**Offering an International Curriculum with Islamic Tarbiyah!**

## Facilities

1. Well-furnished spaces
2. LED-equipped & Air-conditioned classrooms
3. ICT & AI-based education
4. Small class sizes for personalized attention
5. Regular health check-ups

## Curriculum

1. Skill-based Cambridge curriculum
2. Nazra and Hifz-ul-Qur'an
3. Robotics and STEAM education
4. Stress-free evaluation system
5. Sports and physical activities

**ENROL NOW!**
Limited Seats

No Admission fee
No Security Deposit
No Annual Charges

0311 3367655 | 0321-2988120

Dar-ul-Madinah Cambridge adjacent Jama Masjid Ibne Adam (Char Minara), Sector T, Gulshan e Maymar, Karachi

Visit the website for registration: www.darulmadinah.net

# دار المدینہ کالج کراچی گرلز کے پہلے کیمپس کا افتتاح





دارالمدینہ کالج کا پہلا کیمپس **2022**ء میں فیصل آباد میں قائم کیا گیا تھا اور اب دعوتِ اسلامی کے تحت عائشہ منزل فیڈرل بی ایریا، کراچی میں بھی پہلے گرلز کیمپس کا کامیابی کے ساتھ افتتاح کر دیا گیا ہے۔

افتتاحی تقریب میں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن حاجی فضیل رضا عطاری نے خصوصی شرکت کی اور والدین کو دارالمدینہ کالج میں داخلے کی ترغیب دلائی۔ ان کا کہنا تھا کہ دارالمدینہ گرلز کالج دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت کرنے والا ادارہ بھی ہے۔ حاجی فضیل رضا عطاری نے دارالمدینہ گرلز کالج کی اہمیت کو بیان کیا۔

تقریب میں **CEO** دارالمدینہ ڈاکٹر محمد دانش اقبال عطاری، **CEO** فیضان اسلامک اسکول مولانا محمد زبیر عطاری مدنی، **CEO** دارالمدینہ کیمبرج اسکول مولانا فراز احمد عطاری مدنی، ڈائریکٹر بورڈ کے ممبران اور دیگر معزز مہمانانِ گرامی نے بھی شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ہوا جس کے بعد تمام مہمانوں کو دارالمدینہ گرلز کالج کا وزٹ بھی کروایا گیا، جہاں کلاس رومز، لیبارٹریز اور کمپیوٹر لیب بھی موجود ہے۔

تقریب کے اختتام پر درود و سلام پڑھا گیا اور اجتماعی دعا کا سلسلہ بھی ہوا۔

دارالمدینہ کالج میں طالبات کے لئے مختلف شعبہ جات میں اعلیٰ تعلیم فراہم کی جاتی ہے، جن میں پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس، کامرس اور ہیومینیٹیز شامل ہیں۔

دارالمدینہ کا یہ منفرد تعلیمی نظام نہ صرف طلبہ و طالبات کو دنیاوی کامیابی کے لئے تیار کرتا ہے بلکہ انہیں نیک اور باعمل مسلمان بنانے پر بھی خصوصی توجہ دیتا ہے۔

**Dar-ul-Madinah**
**Higher Secondary School**
GIRLS CAMPUS - KARACHI

SESSION 2025-26

# ADMISSION OPEN



- Science
- Computer
- Commerce
- Humanities



- Safe and Islamic Environment
- Qualified & Experienced Faculty
- Modern Learning with Consistent Academic Excellence
- Co-curricular Activities
- Merit-Based Scholarships Available



**Hurry Up**

**Secure Your Seat Today!**

**Register online:**
www.dmcollegepk.net
**Call for details:**
0315-8609226 | 0313-2626024

# ٹرین دا ٹرینر پروگرام (پنجاب)

دارالمدینہ کی جانب سے سمر وکیشن میں ٹیچرز کی تربیت کے لیے چھ دن پر مشتمل ایک مؤثر اور کامیاب «ٹرین دی ٹرینر» سیشن کا انعقاد دعوت اسلامی کے مدنی مرکز فیضان مدینہ اسلام آباد میں کیا گیا۔ جس میں ہمارے "کیمپس ٹرینرز" کو ایسی اہم صلاحیتوں سے آراستہ کیا گیا جو وہ اپنے کیمپس کے ٹیچرز کی رہنمائی اور بہتری کے لیے استعمال کریں گے۔



اس تربیتی سیشن میں زیرِ بحث آنے والے اہم موضوعات:

1. ایک اچھے ٹرینر میں پائی جانے والی خوبیاں
2. ایک کامیاب تربیتی پروگرام کی پہچان
3. بڑوں کے سیکھنے کا انداز اور اس کی سمجھ

بعد ازاں پنجاب کے "کیمپس ٹرینرز" نے اپنے اپنے کیمپسز میں ٹیچرز کی ٹریننگ کا اہتمام کیا اور 4 تا 8 اگست 2025 درج ذیل موضوعات پر اساتذہ کرام کی تربیت کی۔

1. سزا کے نقصانات اور ان کا بہتر حل
2. اپنے اصل کو پہچاننا اور خود کو بہتر بنانا
3. کاپیاں چیک کرنے کا درست اور مؤثر طریقہ





4. وائٹ بورڈ کا صحیح اور فائدہ مند استعمال

5. تربیت کا مکمل طریقہ: شروعات سے نتیجے تک

واضح رہے ہمارا **Training, Development & Monitoring Department** مسلسل اس بات کی کوشش کر رہا ہے کہ عملے کو پیشہ ورانہ ترقی، تعلیمی معیار اور قیادت کی صلاحیتوں میں مزید نکھار فراہم کیا جائے۔ پروگرام کے اختتام پر شرکا کو اسناد بھی دی گئیں۔

دارالمدینہ ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ کی یہ کاوش تدریسی معیار کو مزید بہتر کرنے کی سمت ایک مثبت قدم ہے جس سے ادارے کے تعلیمی و تربیتی اہداف مزید مستحکم ہوں گے۔









Dar-ul-Madinah
International Islamic Education System
Dawat-e-Islami

سہ ماہی ای نیوزلیٹر
جولائی تا ستمبر ۲۰۲۵ء

اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

www.darulmadinah.net | Follow us on

## کیمپس لائف



# دارالمدینہ کے تمام کیمپسز میں ۱۵۰۰ سالہ جشنِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی پرنور محافل

الحمدللہ! دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے تمام کیمپسز میں 1500 سالہ جشنِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے سلسلے میں روح پرور محافلِ میلاد کا اہتمام کیا گیا۔
















ان محافل کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا جس کے بعد طلبۂ کرام نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں عقیدت و محبت کے ساتھ نعتیں پیش کیں۔ مختلف طلبہ نے بیانات بھی کئے اور سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بعض پہلوؤں کو اجاگر کیا۔

تقریب میں طلبہ کے درمیان قرأت، نعت، بیان اور کوئز کا سلسلہ بھی ہوا جس نے محفل کو مزید رونق بخشی اور بچوں میں سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سیکھنے کا جذبہ پیدا کیا۔

محافلِ میلاد میں اساتذہ، طلبہ اور والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خوشیوں میں شامل ہو کر اپنے قلوب کو منور کیا۔

# شجر کاری مہم




سائنس کی بڑھتی ہوئی ترقی نے جہاں انسانوں کو کئی آسانیاں فراہم کی ہیں ، وہیں ان کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔انسان نے اپنی آسانی کے لئے زمین پر موجود درختوں کو کاٹنا شروع کر دیا جس کے نتیجے میں ماحولیاتی آلودگی میں بے تحاشہ اضافہ ہوا۔

کہیں زمین کا درجۂ حرارت بڑھنے لگا، کہیں زمین شدید بارشیں ہونے لگیں تو کہیں خشک سالی۔ انسان درخت لگا کر ان خطروں کو کم کر سکتا ہے۔

دعوتِ اسلامی نے جہاں دنیا میں کئی فلاحی کاموں کا بیڑا اٹھایا، وہیں اس تحریک کے زیرِ اہتمام بہتر ماحول کے لئے "پودا لگانا ہے ..درخت بنانا ہے" کے تحت ہر سال اگست میں شجر کاری کی مہم چلائی جاتی ہے۔

یہ شجر کاری مہم دعوتِ اسلامی کے ایک اہم ڈیپارٹمنٹ فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن (FGRG) کے تحت کی جاتی ہے اور دعوتِ اسلامی کے تمام ہی شعبوں کے ذمے داران اس شجر کاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

گزشتہ روز دارالمدینہ میں شجر کاری مہم (Plantation Drive) کا آغاز کیا گیا۔ جس میں دارالمدینہ کے ٹیچرز نے طلبہ اور سرپرستوں کو شجر کاری مہم میں حصہ لینے کی ترغیب دلاتے ہوئے کہا کہ دارالمدینہ اور دعوتِ اسلامی سے وابستہ احباب پورے پاکستان کو سرسبز و شاداب بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔

شجر کاری مہم میں دارالمدینہ کے اسٹاف اور طلبہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہوئے مختلف مقامات پر پودے لگائے۔

شجر کاری کی اس مہم کا مقصد ماحول میں پائے جانے والے درختوں کا تحفظ اور نئے پودے لگا کر انہیں درخت بنانا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شہری زیادہ سے زیادہ پودے لگائے اور ان کی حفاظت بھی کرے تا کہ یہ پودے درخت بن سکیں۔

# دار المدینہ میں میلاد کمپٹیشن کا انعقاد

الحمد للہ! دار المدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم میں **1500** سالہ جشنِ ولادتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خوشی میں میلاد کمپٹیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات کے درمیان قرأت، نعت، بیان اور حفظِ حدیث کے مقابلے منعقد کیے گئے۔

حفظ حدیث کے مقابلے امیر اہل سنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کی کتاب «اربعین عطار» سے منتخب چالیس احادیثِ مبارکہ پر مبنی تھے۔

مقابلوں کی مرحلہ وار ترتیب

ابتدائی مرحلے میں کیمپس لیول پر طالبات کے درمیان قرأت، نعت، بیان اور حفظِ حدیث کے مقابلے ہوئے، جن میں حفظِ حدیث کے شرکاء نے بیس احادیث یاد کیں۔ اس کے بعد سٹی لیول پر مقابلہ ہوا، جہاں تعداد چالیس احادیث تک بڑھادی گئی۔

آخر میں فائنل (سندھ لیول) کا انعقاد ہوا، جس میں طالبات نے نہایت جذبے، شوق اور درست تلفظ کے ساتھ عربی متن اور اردو ترجمہ یاد کرکے اپنے عشقِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا عملی مظاہرہ کیا۔











حفظِ حدیث کے سندھ لیول کے نتائج:

- پہلی پوزیشن (حفظِ حدیث): بنتِ عبد الواحد – آرام باغ کیمپس، کراچی ریجن
- دوسری پوزیشن (حفظِ حدیث): بنتِ محمد فیصل – ایف بی ایریا گرلز ہائی اسکول، کراچی ریجن
- تیسری پوزیشن (حفظِ حدیث): بنتِ محمد عدنان – لطیف آباد گرلز کیمپس، حیدرآباد ریجن

اختتام پر دارالمدینہ کی جانب سے نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات کو شیلڈز پیش کی گئیں۔ اس موقع پر طالبات نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ احادیثِ مبارکہ یاد کرنا ان کے لیے باعثِ سعادت اور روحانی مسرت کا ذریعہ بنا، اور اس عمل نے ان کے دلوں میں علمِ دین اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت کو مزید مضبوط کر دیا۔

FISS

Essential Education
with Tarbiyah

# FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

DAWAT-E-ISLAMI

Follow us on facebook
FaizanIslamicSchoolSystem

## فیضان اسلامک اسکول سسٹم

# فری ایڈمیشن!

1500 سالہ جشنِ میلادِ مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشی میں فیضان اسلامک اسکول سسٹم نے نئے داخلوں کی "ایڈمیشن فیس" پر 100% ڈسکاؤنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔

فیضان اسلامک اسکول سسٹم ایک مثالی تعلیمی ادارہ ہے جہاں طلبہ کو دینی و دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی و شخصی تربیت بھی فراہم کی جاتی ہے۔ یہاں قرآن و حدیث کی تعلیم کے ساتھ کردار سازی، اسلامی اقدار اور معاشرتی آداب پر خاص توجہ دی جاتی ہے تاکہ طلبہ ایک صالح مسلمان، ذمہ دار شہری اور معاشرے کے خدمت گزار بن سکیں۔

یہ سنہری موقع والدین کے لیے اپنے بچوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ داخلے کے لیے فوری رابطہ کریں 0313-2625016 اور اپنے بچوں کو اس عظیم تعلیمی سفر کا حصہ بنائیں۔



# فری سمر کیمپس کی کامیاب تکمیل

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کی جانب سے منعقدہ 100% فری سمر کیمپس کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ یہ کیمپ 22 تا 30 جولائی 2025 کراچی، سندھ اور بلوچستان کے طلبہ کے لیے منعقد کیے گئے تھے۔ طلبہ نے نہ صرف نئے ہنر سیکھے بلکہ اپنی صلاحیتوں کو بھی نکھارا۔ کیمپ میں آرٹ اینڈ کرافٹ، زندگی کی اہم مہارتیں، ماحولیاتی آگاہی، جسمانی سرگرمیاں، STEM پروجیکٹس، رول پلے اور تعلیمی تربیتی سیشنز شامل تھے جن سے بچوں میں اعتماد اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ ملا۔ یہ پروگرام نہ صرف فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے طلبہ بلکہ دیگر اسکولوں کے بچوں کے لیے بھی ایک یادگار تجربہ ثابت ہوا۔










FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
SUMMER CAMP
2025
Follow us on


FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
SAVE
WATER
SAVE
SUMMER CAMP
2025
Follow us on


FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
SUMMER CAMP
2025
Follow us on


FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
SUMMER
VIBS
SUMMER CAMP
2025
Follow us on

# Parent Management Meeting & Academic Inspection

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے تحت سندھ کے مختلف شہروں گمبٹ، ٹھٹہ، سانگھڑ اور حیدرآباد کے کیمپسز میں **Parent Management Meeting** اور **Academic Inspection** کا اہتمام کیا گیا۔ اس کا مقصد طلبہ کی تعلیمی کیفیت کا جائزہ لینا، والدین کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے اقدامات کرنا تھا۔ اس موقع پر فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے **CEO** مولانا محمد زبیر عطاری مدنی، **Operational Head** محمد دانش عطاری، **Academic Manager** محمد زوہیب عطاری اور **Subject Specialist** محمد عمیر عطاری نے والدین اور سرپرستوں سے ملاقات کی اور کیمپسز کے تعلیمی معاملات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ **CEO** مولانا محمد زبیر عطاری مدنی نے سرپرستوں سے براہِ راست ان کے مسائل و تجاویزات سنیں اور انہیں حل کرنے کے لیے تبادلۂ خیال کیا تاکہ طلبہ کے معیارِ تعلیم میں مزید بہتری اور والدین کے ساتھ مضبوط رابطہ قائم کیا جاسکے۔










Follow us on | #NationwideCampuses
"Inspiring Excellence in Every Classroom!"
Admissions Open 2025 -26
FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
0313 - 2625016
8000+ Students

## دارالمدینہ اوورسیز

# کلرڈے ایکٹیویٹی۔بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کا حسین اظہار

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم (نیپال) میں پرائمری کلاس کے طلبہ کے درمیان کلرڈے ایکٹیویٹی کا اہتمام کیا گیا۔ طلبہ نے رنگ بھرنے کی سرگرمی میں دلچسپی کے ساتھ حصہ لیا اور خوبصورت خاکے تیار کیے۔ ٹیچرز نے طلبہ کو رنگوں کے انتخاب اور صفائی سے رنگ بھرنے کی اہمیت کے بارے میں رہنمائی دی۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا اور ان میں نفاست پیدا کرنا تھا۔ والدین نے اس اقدام کو سراہا اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کی۔ یہ سرگرمی بچوں کے لیے سیکھنے اور تخلیقی اظہار کا بہترین موقع ثابت ہوئی۔

















# 1500 سالہ جشن میلاد مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

1500 سالہ جشن میلاد مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشی میں دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم (نیپال) میں اجتماعِ میلاد کا انعقاد کیا گیا۔ اس اجتماع میں طلبہ اور اساتذہ نے شرکت کر کے محبتِ رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا اظہار کیا۔ اجتماع کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعت رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے ہوا جس میں طلبہ نے بارگاہِ رسالت صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے بعد ازا سیرتِ مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے واقعات بیان ہوئے اور طلبہ کو اس پر عمل کی ترغیب دی۔ یہ اجتماع طلبہ میں محبتِ رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو بڑھانے کا ذریعہ ثابت ہوا۔









# فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ڈے ایکٹیویٹی

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم (نیپال) میں فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ڈے ایکٹیویٹی کا اہتمام کیا گیا۔ طلبہ کو مختلف پھلوں اور سبزیوں کی پہچان کروائی گئی اور ان کے فوائد بتائے گئے۔ طلبہ نے شوق سے سرگرمی میں حصہ لیا اور پھلوں اور سبزیوں کی تصاویر میں رنگ بھرے۔ اساتذہ نے بچوں کو صحت مند خوراک کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا۔ یہ سرگرمی بچوں میں پھل اور سبزیاں کھانے کی رغبت پیدا کرنے کا ذریعہ بنی۔ طلبہ نے خوشی اور دلچسپی کے ساتھ دن کو یادگار بنایا۔













Qadri PUBLICATIONS

DMIUP Dar-ul-Madina INTERNATIONAL University Press


NEW ARRIVAL


## Islamiyat 1 to 5












**Customer Care**
+92-21-34990226
care@qadripublications.com

**Sales Department**
+92-313-2626037
sales@qadripublications.com

www.qadripublications.com   Plot No. 171, Block 13/A, Gulshan-e-Iqbal, Karachi, Pakistan